# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہشت گردی کے ساتھ لڑائی میں بھارت-امریکہ ایک ساتھ ہے: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا سیشن اختتام پذیر؛ نیا انکم ٹیکس بل لوک سبھا میں پیش۔

☆ انٹیگریٹیڈ چائلڈ ڈیولپمنٹ سروس اسکیم کے تحت 18 ہزار سے زیادہ آسامیاں پُر کی جائیں گی: وزیر آدیتی ٹٹکرے کا بیان۔

☆ بیڑ تا جالنہ، دھاراشیو اور چھترپتی سمبھاجی نگر تک ریلوے لائن کے سروے کرنے کے وزیرِ ریلوے کے احکامات۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں کا آج اختتام؛ 198 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر دوسرے مقام پر۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھارت اور امریکہ متحد ہیں۔ وزیرِ اعظم امریکہ کے دورے پر ہیں اور آج ان کی ملاقات امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ہوئی۔ اُس وقت وہ مخاطب تھے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا:

*”آتنک واد کے خلاف لڑائی میں بھارت اور امریکہ دُرڑھتا سے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ہم سہمت ہیں کہ سیما پار آتنک واد کے اُمولن کیلئے ٹھوس کارروائی آوشیک ہے۔“*

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اس یقین کا اظہار بھی کیا کہ ٹرمپ کے دور میں بھارت-امریکہ دوستی مزید بڑھے گی؛ جبکہ ٹرمپ نے کہا کہ امریکہ بھارت کو قدرتی گیس اور تیل فراہم کرے گا۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا سیشن کل ختم ہوا۔ اس لیے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا کام کاج 10 مارچ تک ملتوی کر دیا گیا۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ 31 جنوری سے شروع ہونے والے اجلاس کے پہلے مرحلے میں 112 فیصد پیداوار ریکارڈ کی گئی۔ وقف ترمیمی بل پر مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ کل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کی گئی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارَمن نے کل لوک سبھا میں نیا انکم ٹیکس بل پیش کیا۔ یہ نیا بل حکومت نے موجودہ انکم ٹیکس قانون کو آسان اور لچکدار بنانے کیلئے پیش کیا ہے۔ سیتارَمن نے کہا کہ پُرانے بل میں 819 شقوں کی بجائے مجوزہ بل میں 536 شقیں ہیں اور قانون کی زبان کو آسان بنایا گیا ہے۔ اس بل پر غور کرنے کیلئے ایک کمیٹی بنائی جائے گی اور ایوان نے تمام اختیارات اسپیکر اوم برلا کو دے دیئے ہیں۔ وزیرِ خزانہ نے کہا کہ یہ کمیٹی بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے کے پہلے دِن اپنی رپورٹ ایوان کے روبرو پیش کرے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ جل یکت شیوار ایک زبردست مہم ہے، جسے محکمۂ آبی تحفظ کے ذریعے نافذ کیا جارہا ہے اور عوامی شرکت کے ذریعے کیا جانے والا کام آبی انقلاب کی سمت میں ایک قدم ہے۔ پانی تحفظ محکمے کے تحت 601 نے تعینات ہونے والے افسران کو گذشتہ روز آن لائن تقرری نامے تقسیم کیے گئے۔اس موقع پر وہ مخاطب تھے۔نمائندہ انداز میں ممبئی کے یشونت راوٴ چوہان پرتشٹھان آڈیٹوریم میں منعقدہ ایک تقریب میں چھ امیدواروں کو بالمشافہ تقرری نامے تقسیم کیے گئے۔

***** ***** *****

خواتین واطفال ترقی کی وزیر آدیتی تٹکرے نے کہا کہ خواتین اور بچوں کی ترقی کا محکمہ انٹیگریٹیڈ چائلڈ ڈیولپمنٹ ڈیولپمنٹ سروس اسکیم کے تحت پانچ ہزار 639 آنگن واڑی کارکنان اور 13 ہزار 243 مددگار' کُل 18 ہزار 882 آسامیاں پُر کی جائیں گی۔ وہ کل منترالیہ میں خواتین کی کوآپریٹیو' خواتین کے سیلف ہیلپ گروپ' خواتین کے حلقوں اور بھیونڈی شہر میں آنگن واڑی مراکز کی تعداد بڑھانے کے سلسلے میں منعقدہ میٹنگ سے مخاطب تھیں۔

***** ***** *****

وزیرِ صحت پرکاش آبٹکر نے صحت کارکنان اور آنگن واڑی کارکنوں کو حمل کی جانچ پر پابندی کے قانون کے مؤثر نفاذ کیلئے چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔وہ کل ریاست میں صحت کے عہدیداروں کے ایک ٹیلی ویژن اجلاس سے مخاطب تھے۔اس موقعے پر انھوں نے حمل کی تشخیص کے مراکز پر ضرب لگانے اور قانون کی دفعات پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایات بھی دیں۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے نے کہا ہے کہ ریت مافیا کے خلاف مکوکا اور ملک بدری جیسی کارروائی کی جائیگی۔وہ کل آکولہ میں صحافیوں سے مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ ریت کی عدم دستیابی کی وجہ سے لوگ ریت مافیا بنتے ہیں، اس لیے اب ہمیں وافر مقدار میں ریت ملے گی اور جلد ہی ہم نئی ریت پالیسی ظاہر کریں گے، جس میں قانون مزید سخت ہوں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائیک نے کہا ہے کہ دھرم ویر آنند دِیگھے مہاراشٹر آٹو رکشہ، میٹرٹیکسی ڈرائیور ویلفیئر کارپوریشن لاکھوں رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیوروں کیلئے ایک ماڈل تنظیم کے طور پر کام کرے گی۔ وہ گذشتہ روز کارپوریشن کے پہلے اجلاس سے مخاطب تھے۔ ریاست بھر کے تمام رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیور برائے نام سالانہ سبسکرپشن ادا کرکے اس بورڈ کے ممبر بن سکتے ہیں۔کارپوریشن کی طرف سے 65 سال سے زائد عمر کے آٹو رکشہ اور ٹیکسی ڈرائیوروں کو بھی بورڈ کی جانب سے فی کس 10 ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

سابق رُکنِ اسمبلی ہرش وردھن سپکال کو بطورِ کانگریس ریاستی صدر مقرر کیا گیا ہے۔کانگریس کے قومی جنرل سیکریٹری کے سی وینوگوپال نے کل اعلامیہ کے ذریعے یہ اطلاع دی۔دریں اثناءوجئے وڈیٹیوار کو بطورِ کانگریس لیجسلیچر پارٹی کا لیڈر مقرر کیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ کے رکنِ پارلیمان بجرنگ سونو نے نے وزیرِ ریلوے اشونی ویشنو سے بیڑشی- بیڑ اور دھاراشیو- بیڑ- چھترپتی سمبھا جی نگر ریلوے لائن کو منظور کرنے کی درخواست کی ہے۔اس سلسلے میں انھوں نے نئی دہلی میں اشونی ویشنو سے ملاقات کی۔سونو نے نے کہا کہ اگر یہ لائن جڑتی ہے تو بیڑ، جو کہ مراٹھواڑہ کے وسط میں ہے جس سے بیڑ کی ترقی ہوگی۔ یہاں صنعت کو فروغ ملے گا اور یہاں کی عوام کو کام ملے گا۔اس کے بعد ویشنو اس ریلوے لائن کے سروے کا حکم دیا۔

***** ***** *****

آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے متعلقہ حکام کو کرشنا مراٹھواڑہ آبپاشی پروجیکٹ اُپسا سنچن اسکیم کے مرحلہ نمبر چھ کے کاموں کا سروے اور بجٹ تیار کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے اس سلسلے میں مطالبہ کیا تھا۔ پاٹل نے بتایا کہ اس پروجیکٹ کیلئے مرحلہ نمبر ایک تا پانچ گھاٹنے بیراج تا رام دَرا تالاب کا کام جاری ہے۔اب مرحلہ نمبر چھ کے کاموں کی وجہ سے رام دَرا تا بوری- ا یکورگا میں پانی فراہمی کے کام تیز ہوں گے۔

***** ***** *****

اترا کھنڈ میں جاری 38 ویں قومی کھیل مقابلے، آج مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کی موجودگی میں اختتام پذیر ہوں گے۔ان مقابلوں میں مہاراشٹر نے سب سے زیادہ 198 تمغے جیتے ہیں۔ مسلح افواج کی ٹیم 68 طلائی تمغوں کے ساتھ پہلے، مہاراشٹر 54 طلائی تمغوں کے ساتھ دوسرے اور ہریانہ 48 طلائی تمغوں کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے کل بزرگ ادبی شخصیت را- رَم- بوراڈے کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں ساہتیہ پریشد کے ناندا پورکر میٹنگ ہال میں منعقدہ اس تعزیتی اجلاس میں ادبی و تعلیمی شعبوں سے تعلق رکھنے والے مختلف معززین نے شرکت کر کے بوراڑے کی خدمات کو یاد کیا۔

***** ***** *****

جالنہ شہر کیلئے گھانے واڑی آبی منصوبے کے علاقے میں 15 میگا واٹ کے شمسی توانائی پروجیکٹ کیلئے 100 کروڑ روپے کا فنڈ منظور کیا گیا ہے۔ رکنِ اسمبلی ارجن کھوتکر نے گزشتہ روز جالنہ میں صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ منظور شدہ فنڈز میں سے پہلے مرحلے کے 50 کروڑ روپے کا فنڈ آئندہ تین سے چار دنوں میں مل جائے گا جبکہ بقیہ فنڈز مارچ کے بعد موصول ہوں گے۔

***** ***** *****

پرلی کی فوجداری عدالت نے ریاستی وزیر دھننجے منڈے کو اسمبلی انتخابات کے کاغذات نامزدگی میں معلومات چھپانے کی بناء پر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔کرونا منڈے کی طرف سے دائر کردہ ایک آن لائن شکایت کے بعد مذکورہ حکم دیا گیا۔عرضی گذار کے وکیل چندر کانت ٹھومبرے نے بتایا کہ اس معاملے کی سماعت 24 فروری کو پرلی کی فوجداری عدالت میں ہوگی۔

***** ***** *****

ریاستی خواتین کمیشن نے سفارش کی ہے کہ ریاستی حکومت لفظ بیوہ کو ہٹا کر اس کی جگہ ''پورنا نگینی'' لفظ کا استعمال کرے۔کل، چھترپتی سمبھا جی نگر میں کمیشن کی چیئر مین روپالی چاکنکر نے یہ اطلاع دی۔ضلع کلکٹر دفتر میں خواتین کو بااختیار بنانے کی مہم کے تحت منعقدہ خواتین افسران کے ورکشاپ سے وہ خطاب کر رہی تھیں۔

***** ***** *****

عالمی ریڈیو دِن گزشتہ روز منایا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے موسیقی کے شائق سنجئے پوار کے پاس دنیا بھر کے ریڈیو سیٹ کے ساتھ ساتھ دو ہزار سے زیادہ گراموفونز اور موسیقی کے نمونوں کا مجموعہ ہے۔ پوار نے کل عوام کیلئے اپنے اس مجموعے کی نمائش کا اہتمام کیا تھا۔

***** ***** *****

آ کاشوانی بیڑ مرکز میں ریڈیو کسان دِن منایا گیا۔ آتما شعبہ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر دادا صاحب جادھو نے کسانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ آ کاشوانی کے کسان وانی پروگرام کے ذریعے مختلف سرکاری اسکیموں کے بارے میں واقفیت حاصل کریں۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہشت گردی کے ساتھ لڑائی میں بھارت - امریکہ ایک ساتھ ہے: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا سیشن اختتام پذیر؛ نیا انکم ٹیکس بل لوک سبھا میں پیش۔

☆ انٹیگریٹیڈ چائلڈ ڈیولپمنٹ سروس اسکیم کے تحت 18 ہزار سے زیادہ آسامیاں پُر کی جائیں گی: وزیر آدیتی تٹکرے کا بیان۔

☆ بیڑ تا جالنہ، دھاراشیو اور چھترپتی سمبھا جی نگر تک ریلوے لائن کے سروے کرنے کے وزیرِ ریلوے کے احکامات۔

اور۔۔۔☆ قومی کھیل مقابلوں کا آج اختتام؛ 198 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر دوسرے مقام پر۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****